یہ کوئی مہم نہیں!

مائکل: ابو، آپ آج کیسے ہیں ؟

جان: میں شکایت نہیں کر سکتا، درد اور تکلیف تو ہے، مگر پچھلے سال جیسی حالت بالکل نہیں۔

مائکل: جی، ہم پروسٹیٹ کینسر کی وجہ سے آپ کے بارے میں بہت پریشان تھے۔

جان: پریشان میں بھی تھا۔ مگر آپ سب لوگوں نے واقعی مجھے اس سے نبٹنے میں مدد کی۔

مائکل: معلوم ہے۔ ابو، آپ کو دیکھ کر میں یہ سوچتا ہوں کہ – میں 44 سال کا ہوں اور میرے ذمہ ایک کنبہ ہے۔

اس لیے میں ڈاکٹر سے ملا۔ اور ہم نے پروسٹیٹ کینسر اور اس کی جلد تشخیص کے لیے ٹیسٹ کرنے کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے ٹیسٹ کرنے کے فوائد اور نقصانات کی وضاحت کی اور پوچھا کہ تم کیا کرنا چاہتے ہو۔

جان: تم نے کیا کیا؟

مائکل: میں نے ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا۔ یہ جان کر بہت اطمینان ہوا کہ میں ٹھیک ہوں۔

جان: بیٹا، مجھے تم پر فخر ہے۔ لیکن اب ہمارے سامنے ایک بڑا کام ہے– تمہارے بھائیوں کو ڈاکٹروں سے بات کرنے پر آمادہ کرنا۔

مائکل: چونکہ پروسٹیٹ کینسر ہمارے خاندان میں ہے، انہیں 45 سال کی عمر سے اپنے ڈاکٹروں سے بات کرنی چاہئے۔

میرے ڈاکٹر نے کہا کہ اگر یہ آپ کے خاندان میں نہ ہو تو 50 سال کی عمر تک انتظار کر سکتے ہیں۔

جان: اچھا مشورہ ہے۔ چلو تمہارے بھائیوں سے اس پر بات کریں۔

کیا آپ جانتے تھے؟

- پروسٹیٹ کینسر کا ٹیسٹ خون کے پی ایس اے ٹیسٹ(PSA) اور ساتھ ہی ریکٹل ایکزام (rectal exam) کے ذریعہ کیاجاتا ہے۔
- پی ایس اے (PSA) سے مراد ہے پروسٹیٹ سپیسیفک انٹیجن، یہ خون کا ٹیسٹ ہے۔
- ریکٹل ایکزام کے ذریعہ ڈاکٹر پروسٹیٹ کو محسوس کرتا ہے۔
- اکثر مردوں کو 50 سال کا ہوتے ہی پروسٹیٹ کینسر کے بارے میں اپنے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہئے۔
- افریقن امریکن مردوں کو، اور خاندان میں پروسٹیٹ کینسر ہونے والے مردوں کو 45 سال کی عمر سے شروع کرکے اپنے ڈاکٹر سے بات کرنی جاہئے۔
- ٹیسٹ کرنے کے فوائد اور نقصانات جاننے کے بعد مردوں کو فیصلہ کرنا چاہئے کہ کیا ٹیسٹ کرانا ان کے لیے مناسب انتخاب ہے۔

پروسٹیٹ کینسر کے متعلق حقائق جاننے کے لیے کال کریں:

1.800.227.2345

American Cancer Society®

Get help anytime.

1.800.227.2345 / www.cancer.org

© 2012 by the American Cancer Society, Inc. Available at www.cancer.org/easyreading. PRO.URD.0210